نعت رسول صلی اللہ علیہ وسلم

جناب کمال سالار پوری

مجھے ایمان کا رستہ دکھایا کملیؐ والے نے
مجھے دوزخ کے شعلوں سے بچایا کملیؐ والے نے

مجھے گھر پر محبت سے بلایا کملیؐ والے نے
مجھے اپنا مقدس در دکھایا کملیؐ والے نے

دیا اک زندگی کا ضابطہ قرآں کی صورت میں
نظام اس پر چلا کر بھی دکھایا کملیؐ والے نے

جہنم کا بنی جاتی تھی ایندھن نوع انسانی
جہاں بھر کے مقدر کو جگایا کملیؐ والے نے

اکٹھا کر دیا انسان کو پھر دین فطرت پر
خرافات و تو ہم سے چھڑایا کملیؐ والے نے

بدل کر رکھ دیں گمراہی کی راہیں حکم ربی سے
پلٹ کر رکھ دی انسانوں کی کایا کملیؐ والے نے

مسائل کی جہانگیری سے نمٹے، حل کیا ان کو
قبائل کے تعصب کو مٹایا کملیؐ والے نے

غریبوں سے مٹایا قیصروکسریٰ کی قوت کو
عقابوں سے ممولوں کو لڑایا کملیؐ والے نے

اخوت کا جہاں آرا تصور دے کے دنیا میں
محبت کا عجب جادو جگایا کملیؐ والے نے

دلوں میں ذات واحد کا تصور کر دیا راسخ
بتوں کا کر دیا ہر جا صفایا کملیؐ والے نے